Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

11 دسمبر، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

یہ ہفتہ بہت ہی ولولہ انگیز رہا ہے، ہماری اسکول عمارتوں کا حالیہ مختصر عرصے کے لیے بند ہونے کے بعد بذاتِ خود موجودگی (ان پرسن) میں تعلیم کے لیے دوبارہ کھلنا۔ میں اپنے طلبا اور خاندانوں، ہمارے اساتذہ، پرنسپل اور اسکول کے عملے کا ایک محفوظ اور ہموار دوبارہ آغاز پر شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ میں جانتا ہوں کہ یہ آسان نہیں رہا ہے، لیکن عوامی تعلیم ہمارے شہر اور ہماری قوم کے لیے مستقبل کے لیے اہم ہے، اسلئے ہم ہماری اسکول برادریوں کو پھلتے پھولتا رکھنے کے لیے اپنے اختیار میں ہر کام کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں۔

نیویارک شہر کے تمام کونوں سے اعانت کے ساتھ، ہم K-3 سے گریڈ 5، اور ضلع 75 اسکولوں کے تمام گریڈ سطوح کے طلبا کو کلاس رومز میں واپس لانے کے قابل ہوئے ہیں۔ یہ ہمارے آپ سے عہد کی تکمیل کرنے میں ایک اہم قدم ہے: ایک محفوظ، حفاظتی ماحول فراہم کرنا جس میں آپ کا بچہ علم حاصل کرسکے اور نشو ونما پاسکے۔ اور ایک یاددہانی: مخلوط (بلینڈڈ) تعلیم کے سب کے لیے کارآمد ہونے کے واسطے، ہمیں آپکے بچے کا انکے شیڈول کردہ بذاتِ خود موجودگی دنوں میں اسکول میں آنا درکار ہے۔ مخلوط تعلیم طلبا جو ضلع 32-1 اسکولوں کے گریڈز 6 سے 12 میں ہیں، بشمول ضلع 75 اشتمالی پروگراموں میں حصہ لینے والے طلبا کے، فی الوقت ریموٹلی تعلیم حاصل کرنا جاری رکھیں گے۔

بدقستمی سے، COVID-19 ابھی تک بہت حد تک ہمارے ساتھ ہے۔ ایک شہر پیما دوبارہ پھیلاو کے خلاف جاری جنگ کے مدِنظر، برائے مہربانی توجہ کریں کہ ہم نے اپنے اسکول میں ٹسٹنگ کے طریقِ کار کو تبدیل کیا ہے۔ ہماری عمارتوں کو کھلا رکھنے کے لیے، اب ہمیں بلا ترتیب منتخب کردہ عملے اور گریڈز 1 اور اونچے گریڈ کے طلبا کی **لازمی، ہفتہ وار اسکول میں COVID-19 کی ٹسٹنگ درکار ہے۔**

اور یہ اہم ہے کہ: اگر آپ کا بچہ اِن پرسن تعلیم کے لیے فائل میں اجازت نامہ کے بغیر اسکول واپس آتا ہے، پرنسپل اور اسکول کا عملہ آپ سے اجازت حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریگا۔ اس کے بعد، فائل میں بغیر اجازت کے فارم کے طلبا، جن کے لیے ایک منظور کردہ یا زیرغور طبی یا معذوری کی بنیاد پر استثنا نہیں ہے، انھیں مکمل ریموٹ تدریس میں منتقل کرنا لازمی ہے۔

اہل خانہ کے لیے اس تازہ معلومات میں، آپ ذیل کے بارے میں معلومات دیکھ سکتے ہیں:

- آپ کو لازمی، اسکول میں ٹسٹنگ کے بارے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے
- اسکول میں بلا ترتیب ٹسٹنگ کے لیے ایک اجازت نامہ کس طرح جمع کروائیں
- کیا کریں اگر آپ کے بچے نے حال ہی میں سفر کیا ہے
- آپ کو لازمی، اسکول میں ٹسٹنگ کے بارے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے
- تعلیمی سال 2021-2022 کے لیے کنڈرگارٹن میں کیسے درخواست دیں
- الیمنٹری داخلوں کے بارے میں مزید کیسے جانیں
- پیرنٹ یونیورسٹی میں کس طرح حصہ لیں، ایک نیا پلیٹ فارم جو خاندانوں کو متعدد مضامین میں مانگ پر کورسز اور وسائل پیش کرتا ہے۔

کیونکہ یہ عالمی وبا اپنے ساتھ اتنی زیادہ بے یقینی لائی ہے، ہم اپنی قدیم روایات سے عہد بستہ ہیں، جو ہمیں یہ یاد دلاتی ہیں کہ ہم ایک برادری ہیں۔ ان میں سے ایک ہمارا بگ ایپل ایوارڈز ہے، جو ممتاز اساتذہ اور کالج اور طرزِ معاش مشیران کی قدرگرانی کرتا ہے۔ اس سال، خصوصاً یہ اہم احساس ہوتا ہے کہ ان اساتذہ اور مشیران کو خراج تحسین پیش کیا جائے جو آپ کے بچے کی زندگی میں تبدیلی لائے ہیں۔ 10 جنوری، 2021 تک بِگ ایپل ایوارڈ کی اس ویب سائٹ پر جا کر ایک معلم نامزد کریں schools.nyc.gov/bigappleawards۔

ہمیشہ کی طرح، میں اس بے نظیر سال میں ہمارے ملکر جاری سفر کے دوران آپ کی لچک اور تحمل کا قدردان ہوں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ COVID-19 ہمارے بچوں پر اثرانداز ہوا ہے— تعلیمی، سماجی اور جذباتی طور پر، اور ہم ابھی سے اگلے تعلیمی سال کے منتظر ہیں۔ اس ہفتے، میئر اور میں نے 2021 طالبانہ حصولیابی منصوبہ متعارف کروایا ہے جو اگلے خزاں میں ہمارے اسکولوں کو پہلے سے زیادہ مضبوط بنائے گا۔ ہمارے معلمین اور آپ سب کے ساتھ کام کرتے ہوئے، ہم ایک عملی نقشہ تخلیق کریں گے جسکی بنیاد تجدید اور تعلیم پر ہوگی۔ میں اس بارے میں آنے والے مہینوں میں مزید اشتراک کرونگا۔

میں جانتا ہوں کہ اگر ہم سب اپنا کام کریں، ہم ہر بچے کے لیے ہر روز ایک مضبوط، معاونتی تعلیم کو یقینی بناسکتے ہیں— اس سے قطع نظر وہ کہاں تعلیم حاصل کررہے ہیں۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمۂ تعلیم

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

تازہ ترین معلومات برائے اہل خانہ، 11 دسمبر، 2020

آپ کو لازمی، اسکول میں ٹسٹنگ کے بارے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے

آپ کے بچے کے بذاتِ خود موجودگی (اِن پرسن) تدریس میں واپس آنے کے لیے، آپ کو اپنے بچے کے اسکول عمارت میں واپس آنے کے پہلے دن اسکول میں COVID-19 ٹسٹنگ کی اجازت لازماً جمع کرانا ہوگی۔

- آپ کے بچے کے اسکول میں عملے اور طلبا کی ہفتہ وار ٹسٹنگ بلا ترتیب انتخاب کے ذریعے کی جائے گی۔
- اسکول کی عمارت میں واپس آنے والے گریڈ 1 یا اونچے گریڈ کے ہر طالب علم کو اسکول میں COVID-19 جانچ کرانے کا اجازت نامہ اسکول کی عمارت میں واپس آنے کے پہلے دن لازماً جمع کرانا ہو گا۔
- 3-K، پری کنڈرگارٹن اور کنڈرگارٹن کے طلبا بلاترتیب جانچ سے مستثنا ہیں۔
- یہ ٹسٹ فوری، محفوظ اورآسان ہے۔ اگر آپ نے ایک اجازت کا فارم جمع نہیں کروایا ہے اور آپ کا بچہ بذاتِ خود موجودگی میں تعلیم حاصل کررہا ہے، آپکو ایسا فوری طور پر کرنا چاہیئے۔

اسکول میں بلا ترتیب ٹسٹنگ کے لیے ایک اجازت نامہ کس طرح جمع کروائیں

اسکول میں آپ کے بچے کی COVID-19 جانچ کرنے کا اجازت نامہ جمع کرانا جلد اور آسان ہے۔ اگرچہ آپ نے پہلے سے ہی اجازت نامہ جمع کرا دیا ہے، ہم آپ سے ایسا دوبارہ کرانے کا کہہ رہے ہیں تاکہ فائل میں آپ کے طالب علم کا تازہ ترین اجازت نامہ موجود ہو۔

اجازت دینے کے دو آسان طریقے ہیں۔

1) نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹس (NYCSA) کا استعمال کرتے ہوئے آن لائن mystudent.nyc پر فارم مکمل کریں۔

اگر آپ کا NYCSA اکاونٹ پہلے سے ہی آپ کے طالب علم (طلبا) کے ساتھ وابستہ ہے: لاگ اِن کریں، اپنے بچے کے نام کو کلک کریں، "اکاونٹ منظم کریں" کلک کریں اور جب ایک ڈراپ ڈاون مینو سامنے آئے، "اجازت فارم" کلک کریں ۔ صفحے کا مطالعہ کریں، اور پھر آخر میں اپنے طالب علم کے لیے اجازت کا انتخاب منتخب کریں۔

اگر آپ کے پاس پہلے سے ایک NYCSA اکاونٹ نہیں ہے: آپ اِبھی ایک فوراً بنا سکتے ہیں! اگر آپ کے پاس اسکول کی طرف سے ایک اکاونٹ تخلیقی کوڈ ہے، آپ تقریباً پانچ منٹ میں ایک مکمل اکاونٹ بنا سکتے ہیں، اور اسکے بعد مندرجہ بالا واضح کردہ اجازت نامہ فراہم کریں۔ اگر آپ کے پاس اپنے اسکول کی جانب سے ایک اکاؤنٹ تخلیقی کوڈ نہیں ہے، آپ ابھی بھی "COVID-19 Testing" کے نیچے " Manage Consent" پر کلک کر کے اپنا اجازت نامہ فوری طور پر فراہم کر سکتے ہیں اور اجازت نامہ فراہم کرنے کے لیے اپنی اور اپنے بچے کی معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔

2) منسلکہ فارم پرنٹ کرکے دستخط کریں اور اسے اپنے بچے کے اسکول کی عمارت میں ان کے واپس آنے کے پہلے دن ساتھ اسکول لائیں۔ ایک پرنٹ کرنے کے قابل PDF فائل دس زبانوں میں یہاں دستیاب ہے schools.nyc.gov/covidtesting۔

کیا کریں اگر آپ کے بچے نے حال ہی میں سفر کیا ہے

- اگر آپکے بچے نے نیو یارک سے باہر ریاست کے سفری انتباہ کی فہرست میں سے کسی جگہ کا حالیہ سفر کیا ہے انہیں لازماً 14 دن کا کوارنٹین کرنا ہوگا۔
- ان کے پاس ریاست کے رہنما خطوط پر مبنی کوارنٹین سے باہر نکلنے کے لیے ٹسٹنگ کروانے کا انتخاب بھی موجود ہے: coronavirus.health.ny.gov/covid-19-travel-advisory۔
- آپ اور آپ کے بچے کو صحت کا سوالنامہ ہر روز مکمل کرنا جاری رکھنا چاہیئے۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

آپ کو اسکول میں ٹسٹنگ سے استثنا کے بارے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے

استثنا صرف کچھ محدود حالات میں ہی دیے جائیں گے، اور ذیل پر دو قسم کے استثنا کی درخواست کے فارم دستیاب ہیں: schools.nyc.gov/covidtesting

- ایک فارم ان طلبا کے لیے ہے جنہیں ایک طبی استثنا صحت کی حالت کی وجہ سے درکار ہے جس میں جانچ کرانا غیر محفوظ ہو سکتا ہے (مثلاً چہرے کی سرجری، ناک کی سرجری)۔ اس فارم پر ایک فزیشن کے دستخط ہونے لازمی ہیں اور اسے معاونتی طبی دستاویز کے ساتھ جمع کروانا چاہیئے۔
- ایک فارم ان معذوری کے حامل طلبا کے لیے ہے جنکی معذوری کی نوعیت کی وجہ سے بحفاظت اسکول میں جانچ نہیں کی جا سکتی۔ معذوری کی بنیاد پر منظور کردہ استثنا کے حامل طلبا سے اسکول کے باہر سے ٹسٹ کروانے کی توقع کی جاتی ہے۔

تعلیمی سال 2021-2022 کے لیے کنڈرگارٹن کی درخواست کیسے دیں

آپکے بچے کے ایلیمنٹری اسکول کے سفر کا آغاز کرنے کا اب وقت آگیا ہے! اگر آپ نیویارک شہر میں رہتے ہیں اور آپکا بچہ 2016 میں پیدا ہوا تھا، کنڈر گارٹن درخواست کا دورانیہ اب کھلا ہے۔ 19 جنوری، 2021 تک درخواست دینا یقینی بنائیں!

آپ دو میں سے کسی ایک طریقے کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں:

- آن لائن MySchools.nyc پر۔ اپنا MySchools اکاونٹ تخلیق کرنے یا رسائی کے لیے لنک پر کلک کریں۔
- بذریعہ فون 718 935-2009 پیر تا جمعہ صبح 8 سے شام 6 بجے تک کال کریں، یا ہفتے سے اتوار تک صبح 9 بجے اور دوپہر 1 بجے کے درمیان۔

MySchools کے ساتھ آپ اسکولوں کو تلاش کرسکتے ہیں، اپنے بچے کی درخواست کے لیے عمدہ انتخابات ڈھونڈیں، اور کنڈرگارٹن میں درخواست دیں —سب ایک ہی جگہ۔

کنڈرگارٹن داخلوں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، schools.nyc.gov/kindergarten پر جائیں۔

ہمارا نیا ایلیمنٹری داخلے وڈیو سلسلہ آپ کی رہنمائی کرے گا کہ کیا توقع کریں، اپنا MySchools اکاونٹ کیسے بنائیں، اور کیسے درخواست دیں۔ انتظار کریں: مزید وڈیوز جلد ہی آرہے ہیں۔

سوالات کے لیے 2009-935 (718) پر کال کریں یا ESEnrollment@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

ایلیمنٹری داخلوں کے بارے میں مزید کیسے جانیں

K-3، پری کنڈرگارٹن اور کنڈرگارٹن داخلوں کے بارے میں جاننے کے لیے ہمارے ساتھ ایک ورچوئل ایلیمنٹری اسکول داخلوں کی تقریب میں شامل ہوں۔ یہ جانیں کہ کیا توقع کریں اور کیسے درخواست دیں۔ تمام نیویارک شہر خاندانوں کی شرکت کا خیرمقدم کیا جاتا ہے۔

سیشنز ذیل کی تواریخ میں منعقد ہونگے:

- منگل، 15 دسمبر، دوپہر 2 بجے
- جمعرات، 17 دسمبر، شام 6 بجے
- بدھ، 6 جنوری، شام 6 بجے
- جمعرات، 7 جنوری، شام 6 بجے۔ یہ تقریب ہسپانوی میں ہوگی۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

- منگل، 12 جنوری، دوپہر 2 بجے

ایک سیشن کے لیے tinyurl.com/NYCDOEElementaryEventsSurvey پر رجسٹر ہوں۔ جب آپ رجسٹر ہوں، اپنی لسانی ترجیح کی نشاندہی کرنا یقینی بنائیں—ہر سیشن کے لیے ان جوابات کی بنیاد پر مخصوص زبانوں میں ترجمانی کی خدمات فراہم کی جائیں گی۔

پیرنٹ یونیورسٹی میں کس طرح حصہ لیں

پیرنٹ یونیورسٹی ایک نیا آن لائن پلیٹ فارم ہے جو خاندانوں کے ساتھ رابطہ کرنے اور طلبا کی معاونت کرنے کے لیے کورسز کی کیٹلاگ، رواں تقریبات اور سرگرمیاں پیش کرتا ہے۔ پلیٹ فارم تمام نیویارک شہر والدین اور سرپرستوں کو متعدد مضامینی شعبوں اور گریڈ سطحوں کے لیے رواں اور مانگ پر کورسز اور وسائل پیش کرتا ہے۔ کورسز متعدد زبانوں میں دستیاب ہیں اور ہم کثیر لسانی پیشکشوں کی تعداد میں توسیع پر کام کررہے ہیں۔

تمام خاندان، ابتدائی طفولیت سے تعلیم بالغان تک، ایک مفت اکاونٹ تخلیق کرسکتے ہیں اور ورکشاپس کے لیے رجسٹر کرواسکتے ہیں، ایک تقریب میں شرکت کرسکتے ہیں، تربیت تلاش کرسکتے ہیں اور بہت کچھ۔ فی الوقت 95+ کورسز پیش کیے جا تے ہیں جو موضوعات کے ایک وسیع دائرے پر مشتمل ہیں بشمول:

- ریموٹ لرننگ اور ٹیکنالوجی
- صحت اور بہبود
- خاص تعلیم
- کثیرالسانی متعلمین
- ابتدائی طفلی تعلیم
- والدینی قیادت
- اسکول کی عمارتیں اور طریقِ کار
- تعلیم بالغان اور جاری تعلیم

آپ پیرنٹ یونیورسٹی آج ہی parentu.schools.nyc پر شروع کرسکتے ہیں۔